21/02/2026

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

LG

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی قیادت میں بھارت آج نہ صرف اقتصادی ترقی کی کہانی رقم کر رہا ہے بلکہ تہذیبی بیداری کا بھی مشاہدہ کر رہا ہے۔

وہ اُتر پردیش کے دیوریہ (Deoria) کے شری لکشمی نارائن مندر (Bankatashiv) میں بنکا تاشو میں ایک تقریب کے دوران خطاب کر رہے تھے۔ لیفٹننٹ گورنر نے اس بات پر زور دیا کہ ہر شہری کو ذمہ داری کے ساتھ شاندار ورثے کا احترام کرنا چاہئے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی حکومت وقت کی پابندی کے ساتھ خالی اسامیوں کو پُر کرنے کےلئے پُر عزم ہے۔ انہوننے اعلان کیا کہ سال رواں کے دوران30ہزار سے زیادہ خالی اسامیاں پُر کی جائیں گی۔ ان باتوں کا اظہار انہوننے اسمبلی کے جا ری بجٹ اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران MLA پروفیسر Gharu رام بھگت کی طرف سے اُٹھائے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے کیا۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مو دی کل صبح گیارہ بجے من کی بات ریڈیو پروگرام کے ذریعے ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک، AIR نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن AIR مو بائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔

من کی بات پروگرام AIR News، ڈی ڈی نیوز، PMO اور وزارت اطلاعات و نشریات کی یوٹیوب چینلوں پر بھی لائیو سٹریم کیا جائے گا۔

سرینگرDC

(Vayڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے کہا ہے کہ ضلع انتظامیہ آیوشمان وائے وندنا اسکیم سکیم کے تحت70سال سے زیادہ عمر کے بزرگ شہریوں کے اندراج کو یقینی بنانے Vandana) کی غرض سے دیگر متعلقین کے ساتھ مل کر ٹھوس اقدامات کر رہی ہے تاکہ کوئی بھی مستحق بزرگ شہری سکیم کے فائدے سے محروم نہ رہے۔

وہ سب ڈسڑکٹ اسپتال حضرت بل میں ایک میگا جانکاری کم رجسٹریشن کیمپ کی صدارت کر رہے تھے۔

کپواڑہ

کپواڑہ ضلع میں وزیر اعظم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے تحت2ہزار142سولر روف ٹاپ نصب کئے گئے ہیں۔ اس بات کی جانکاری ضلع ترقیاتی کمشنر کپواڑہ شری کانت سوسے کو ایک جائزہ میٹنگ کے دوران دی گئی۔

ڈپٹی کمشنر نے محکمے کواس کام میں تیزی لانے کی ہدایت دیتے ہوئے ایگزیکٹیو انجینئروں کو باقاعدگی سے پیش رفت کی نگرانی کرنے کو کہا۔ انہوننے لوگوں کو سکیم سے فائدہ اُٹھانے کی تاکید کی ہے۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا ACB کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز ACB نمبر9419678060 ہے ۔ اس بارے میں سرینگر کو بتایا ۔

اِگنو

طلباءکی مانگ کو مد نظر رکھتے ہوئے اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی نے ایڈمیشن سیشن جنوری2026کے تحت مختلف آن لائن لرننگ پروگراموں اور اوپن ڈسٹنس پروگراموں کیلئے داخلوں اور ری رجسٹریشن کی تاریخ28 فروری تک بڑھا دی ہے۔

واضح رہے کہ یونیورسٹی نے 60نئے پروگرام شامل کئے ہیں جن میں مختلف مضامین کے 4سالہ انڈر گریجویٹ پروگرام بھی شامل ہے۔

سے جانکار ی حاصل کر سکتے Ignou.ac.in امید وار اس حوالے سے یونیورسٹی کی ویب سائٹ ہیں۔

جموںIG

جرائم کے بدلتے ہوئے منظر نامے میں سائبر جرائم کی تفتیش کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ ان باتوں کا اظہار انسپکٹر جنرل آف پولیس جموں زون بھیم سین توتی نے ضلع پولیس لائنز جموں میں "سائبر انوسٹگیشن اینڈ موبائل فارنسک" کے موضوع پر تین روزہ تربیتی پروگرام کا افتتاح کرنے کے موقعے پر کیا۔

انہوننے سائبر جرائم کے تیزی کے ساتھ بڑھتے ہوئے واقعات پر تشویش کا اظہار کر تے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹل شواہد کو موثر طریقے سے سنبھالنے کےلئے تفتیشی افسران کو جدید تیکنیکی علوم اور قانونی مہارت سے لیس کرنا وقت کی ضرورت ہے۔

T-20

مقابلے آج سے شروع ہو رہے ہیں-Super Eightورلڈ کپ کےT-20 مردوں کے آئی سی سی کا پہلا مقابلہ آج شام کولمبو کے آر پریما داسا اسٹیڈیم میں نیوزی لینڈ اور پاکستان Super Eight کے درمیان کھیلا جائے گا۔

کا اپنا پہلا میچ کل Super Eightیہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام7بجے شروع ہو گا۔ بھارت شام احمد آباد میں نیوزی لینڈ کے خلاف کھیلے گا۔

مادری زبان

آج مادری زبان کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد مختلف طبقوں ، علاقوں اور سماجوں میں مادری زبان کی اہمیت کو اجا گر کرنا ہے ۔

آج کے دن کی مناسبت سے جمونو کشمیر میں بھی کئی تقریبات کا اہتمام ہو رہا ہے جن میں مادری زبان کے فروغ اور اس کے تحفظ کی اہمیت اُجاگر کی جا رہی ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

....